Working Women Welfare Trust
Head Office: B-224 Block L, North Nazimabad, Karachi, Pakistan.
Phone: +92 333 3649011
Email: wwotrust@yahoo.com Web: www.wwo.org.pk

کراچی 15نومبر اسٹاف رپورٹر

سیاسی عمل میں شمولیت اور خواتین کی نمائندگی کے عنوان پر ورکنگ ویمن ویلفیئر ٹرسٹ کے تحت معروف خواتین سماجی وسیاسی رہنماؤں اور کلیدی عہدوں پر فائز باثر خواتین کے درمیان تبادلہ خیال کی نشست کا انعقاد کیا گیا مجلس مذاکرہ کا مقصد ملک میں شہری اور دیہی خواتین کو درپیش حقیقی مسائل کے حل اور خواتین کی فلاح وبہبود کے اہداف پر سیر حاصل گفتگو کے ذریعے سیاسی جماعتوں کو آنے والے انتخابات میں خواتین کے لیئے واضح اور حقیقت پر مبنی دوررس اہداف کو اپنی پالیسی اور منشور میں شامل کرنے پر متوجہ کرنا تھا۔

سینئیر صحافی اور فیڈرل یونین آف جرنلسٹس کی نائب صدر محترمہ شہربانو نے پاکستان میں خواتین کی پارلیمانی نمائندگی کے مختصر جائزے پر مشتمل موثر پریزنٹیشن پیش کی انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ میں خواتین کی موثر نمائندگی کا معاملہ بہت اہم ہے قیام پاکستان سے اب تک ایک طویل وقت ہم گذار چکے ہیں اس دوران خواتین کی عددی نمائندگی میں کافی اضافہ ہو چکا ہے تاہم اس کو موثر نمائندگی اور بڑی تبدیلی کے لئے استعمال کرنے کے حوالے سے بہت کام کی ضرورت ہے سیاسی جماعتوں کو اس پر توجہ دینی ہوگی خواتین کو پارلیمانی کاروائیوں کے اعتبار سے تربیت دینااور زمینی حقائق کے مطابق خواتین دوست معاشرے کے قیام کے لئے موثر قانون سازی پر توجہ دیناضروری ہے انہوں نے کہا کہ گذشتہ برسوں میں بہت سے قوانین بنے ہیں تاہم ان پر عملدرآمد کا فقدان ہے ملک میں قانون کی حکمرانی کا ہدف حاصل کرنا بھی ضروری ہے۔

مجلس مذاکرہ کے آغاز میں اساتذہ کی استاد ورکنگ ویمن کے ٹاسک گروپ کی سینئیر رکن محترمہ شاہدہ قاضی کی رحلت پر فاتحہ خوانی کی گئی۔ تعزیتی ریفرنس سے خطاب کرتے ہوئے نائب صدر ریحانہ افروز نے کہا کہ شاہدہ قاضی ہمارا سرمایہ تھیں انہوں نے اپنے پیچھے اپنے شاگردوں کا عظیم خزانہ چھوڑا ہے اب ان کا فرض ہے کہ وہ اپنی دعاؤں میں انہیں یاد رکھیں ریحانہ افروز نے گذشتہ ڈیڑھ دہائی کے دوران ورکنگ ویمن کی سرپرستی پر شاہدہ قاضی کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ مجلس مذاکرہ میں ایک سیشن فلسطین اور غزہ کے نام کیا گیا محترمہ رومیسہ زاہدی نے اہل غزہ کے ساتھ اظہار یکجہتی اور اسرائیل کی مذمت پر مشتمل قرارداد پیش کی جسے شرکاء نے متفقہ طور پر منظور کیا پروگرام کی نظامت حمیرہ قریشی نے انجام دی شرکاء میں نرگس رحمن، مہناز رحمن، شمع مٹھانی پیپلز پارٹی، طیبہ عاطف جماعت اسلامی نزہت شیریں درخشاں صالح شہلا احمد رفیعہ حیدر ماریہ اسماعیل نجمہ اعوان رعنا انصار ایم کیو ایم ڈاکٹر رعنا خان رفیعہ تاج صبیحہ شاہ، فرزانہ مناف اور دیگر نے شرکت کی۔